نیو یارک سٹی کے GetFood NYC کے تحت ایمرجنسی پروگرام میں حصہ لینے پر آپ کا شکریہ! NYC TLC کے ڈرائیورز نیو یارک کے ضرورت مند شہریوں کو 30 ملین کھانے پہنچا چکے ہیں(اور ابھی یہ کام جاری ہے)۔ اس پروگرام کی کیامیابی کا سہرا آپ کی لگن اور محنت کے سر جاتا ہے۔ ہم اس کام کو آپ کے بغیر انجام نہیں دے سکتے تھے

اب ڈلیوری کے فوٹوگرافس لازمی ہیں۔

ہمارے صارفین شاندار کسٹمر سروس کے حقدار ہیں آپ کیلئے بھی اپنے زبردست کام کو ظاہر کرنے کا یہ موقع ہے۔ ڈلیوری کی کامیاب تکمیل کو یقینی بنانے کیلئے ہم یہ نئی شرائط نافذ کر رہے ہیں۔ یہ دور طور پر نافذ العمل ہے کہ جب آپ صارف کی دہلیز پر کھانا پہنچائیں تو **لازمی طور پر اس کی تصویر بنا لیں**

تصویر میں درج ذیل میں سے کوئی ایک بھی شامل کیا جا سکتا ہے:

- صارف کی تصویر یا پھر باکس پر نامزد کے دستخط (یقی بنائیں کہ باکس پر صارف کا نام و پتہ لکھا ہو اور یہ تصویر میں بھی نظر آئے) **یا**
- صارف کے اپارٹمنٹ کے دروازے پر رکھے گئے باکس کی تصویر (یقی بنائیں کہ باکس پر صارف کا نام و پتہ لکھا ہو اور یہ تصویر میں بھی نظر آئے)

ہر تصویر کم از کم سات دنوں تک محفوظ رکھیں۔

ڈرائیور کارکردگی کا نظام

GetFood NYC کا پروگرام ڈرائیوروں کی ڈلیوری کا باقائدگی سے جائزہ لے گا ممکنہ طور پر آپ کو کھانے کی ڈلیوری کے مرکز میں ان جائزوں میں شامل ہونے کی درخواست کی جا سکتی ہے۔ جائزے کے عمل میں آپ سے ڈلیوری کی تصاویر اور کال ہسٹری دکھانے کا کہا جائے گا تاکہ اس سے آپ کے کام کی تکمیل کی تصدیق ہو سکے۔ جائزوں میں شرکت میں ناکامی یا کام کی تصدیق میں ناکامی کی اثر آپ کی ادائیگیوں پر پڑ سکتا ہے۔